Model Paper

اردو لازمی (نیا کورس)

Inter Part-II
(Fresh/Reappear)

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

نمبر: ۵۰

سوال-II درج ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جُزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) مشہور علماء کے حالات زندگی پڑھنے سے مسلمانوں کے ابتدائی تعلیمی دور پہ کس طرح روشنی پڑتی ہے؟

(۲) سقراط کی گھریلو زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(۳) مرزا شہ زور کی والدہ نے کن الفاظ میں اپنی مصیبتوں اور تکالیف کا بیان کیا ہے؟

(۴) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ تخیل، بے سود، ملی مفاد، اعمال حسنہ، نصب العین

(۵) محمد حسین آزاد نے سبق "شہرت عام اور بقائے دوام کا دربار" میں اپنے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ انہیں اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۶) "چند روز ایک روڈ رولر کے ساتھ" میں مصنف نے ریل اور کار کے سفر کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(۷) آپ کے خیال میں اختر کی صحت یابی کی اصل وجہ کیا تھی؟ وضاحت کریں۔

(۸) سبق "کتبہ" کا خلاصہ لکھیں۔

(۹) عبداللہ نے بھوت بن کر لوگوں کو ڈرانے کا فیصلہ کیوں کیا؟

(۱۰) "کنڈکٹر" کے بنیادی کردار "لالو" کی شخصیت کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۱۱) چراغ حسن حسرت نے علامہ اقبال کی کوٹھی کا اندرونی نقشہ کن الفاظ میں کھینچا ہے؟

(۱۲) علامہ اقبال کی پانچ تصانیف کے نام تحریر کریں۔

(۱۳) آپ کے خیال میں نظم "بڑے ڈرپوک ہو" میں شاعر نے ستاروں کو کیوں ڈرپوک کہا ہے؟

سیکشن (ج)

نمبر: ۳۰

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے تشریح کریں۔ 10

(الف) والدہ کی ان باتوں سے مجھے پسینا آ گیا۔ اور شرم کے مارے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو گئے۔ چاہا کہ اٹھ کر یہ چیزیں واپس کر آؤں مگر والدہ نے روکا اور کہا۔ خدا ہی کو یہ منظور ہے تو ہم کیا کریں۔ یہ سب کچھ سہنا ہوگا۔ یہ کہہ کر کھانا رکھ لیا اور روزہ کھولنے کے بعد ہم سب نے مل کر کھالیا۔ پانچ روپے کا آٹا منگوالیا جس سے رمضان خیروخوبی سے بسر ہو گیا۔

(ب) ایک گروہ کثیر بادشاہوں کی ذیل میں آیا۔ سب جبہ وعمامہ اور طبل ودمامہ رکھتے تھے۔ مگر باہر روکے گئے کیونکہ ہر چند ان کے جبے دامن قیامت سے دامن باندھے تھے اور عمامے گنبد فلک کا نمونہ تھے مگر اکثر ان میں طبل تہی کی طرح اندر سے خالی تھے۔ چنانچہ دو شخص اندر آنے کیلئے منتخب ہوئے۔ ان کے ساتھ انبوہِ کثیر علماء وفضلاء کا ہولیا۔ پہلا بادشاہ ان میں ہارون الرشید اور دوسرا مامون الرشید تھا۔

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف)
سپاہیانہ زندگی جو قسمت سعید ہے تو رزم گہ کی موت بھی سپاہیانہ عید ہے
جیا تو فخرِ قوم ہے، مرا تو وہ شہید ہے سروں سے باندھ کر کفن بڑھے چلو بڑھے چلو

(ب)
سفر منزل شب یاد نہیں لوگ رخصت ہوے کب یاد نہیں
اولیں قرب کی سرشاری میں کتنے ارماں تھے جو اب یاد نہیں

سوال-V درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ 10

(الف) انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات

(ب) نشہ ایک لعنت

(ج) بدعنوانی معاشرے کو کھوکھلا کرتی ہے۔